# کیا پاکستان واقعی ایسا میزائل بنا سکتا ہے جو امریکہ تک پہنچ جائے؟



**منزہ انوار**

پاکستان کے بیلسٹک میزائل پروگرام کے حوالے سے امریکی تشویش بڑھتی ہی جا رہی ہے اور پہلی مرتبہ امریکی انتظامیہ کے ایک سینیئر حکومتی اہلکار نے باضابطہ طور پر دعویٰ کیا ہے کہ پاکستان نے ایک ایسی 'کارآمد میزائل ٹیکنالوجی' تیار کر لی ہے جو اسے امریکہ کو بھی نشانہ بنانے کے قابل بنائے گی۔' امریکی تھنک ٹینگ کارنیگی انڈاؤمنٹ کے زیرِ اہتمام منعقد ہونے والی ایک تقریب میں خطاب کرتے ہوئے امریکی صدر جو بائیڈن کے قومی سلامتی کے نائب مشیر جان فائنر کا کہنا تھا کہ پاکستان نے لانگ رینج میزائل سسٹم اور ایسے دیگر ہتھیار بنا لیے ہیں جو 'اسے بڑی راکٹ موٹرز کے (ذریعے) تجربات کرنے کی صلاحیت دیتے ہیں۔' ان کا کہنا ہے کہ 'اگر یہ سلسلہ جاری رہتا ہے تو پاکستان کے پاس جنوبی ایشیا سے باہر بھی اپنے اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت آجائے گی، اس میں امریکہ بھی شامل ہے اور اس چیز سے پاکستان کے ارادوں پر حقیقی سوالات اُٹھتے ہیں۔' امریکہ کے قومی سلامتی کے نائب مشیر کا بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب دو دن پہلے ہی بائیڈن انتظامیہ نے پاکستان کے جوہری ہتھیاروں سے لیس طویل فاصلے تک مار کرنے والے بیلسٹک میزائل پروگرام سے مبینہ طور پر منسلک چار اداروں پر پابندیاں عائد کی ہیں، ان میں اس میزائل پروگرام کی نگرانی کرنے والا سرکاری ادارہ نیشنل ڈویلپمنٹ کمپلیکس (این ڈی سی) بھی شامل ہے۔ امریکہ کو لاحق خطرات کا ذکر کرتے ہوئے جان فائنر کا کہنا تھا کہ 'ایسے ممالک کی فہرست چھوٹی ہے جو جوہری ہتھیار بھی رکھتے ہوں اور ان کے پاس براہِ راست امریکہ کو نشانہ بنانے کی صلاحیت بھی ہو اور وہ امریکہ کے مخالفین ہیں روس، شمالی کوریا اور چین۔' ان کا مزید کہنا تھا کہ ہمارے لیے یہ مشکل ہوگا کہ ہم پاکستان کے اقدامات کو امریکہ کے لیے خطرے کی حیثیت سے نہ دیکھیں۔ مجھ سمیت ہماری انتظامیہ کے سینیئر رہنماؤں نے متعدد مرتبہ ان خدشات کا اظہار پاکستان کے سینیئر حکام کے سامنے کیا ہے۔' قومی سلامتی کے نائب مشیر کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان طویل عرصے سے امریکہ کا پارٹنر رہا ہے اور وہ مشترکہ مفادات پر پاکستان کے ساتھ مزید کام کرنے کی بھی خواہش رکھتے ہیں۔ تاہم ان کا کہنا تھا کہ 'اس کے بعد ہمارے نزدیک یہ سوال بھی اُٹھتا ہے کہ پاکستان ایسی صلاحیت کیوں حاصل کر رہا ہے جو ہمارے خلاف استعمال ہو سکے۔' ان کا مزید کہنا تھا کہ 'بدقسمتی سے ہمیں لگتا ہے کہ پاکستان ہمارے اور بین الاقوامی برادری کے خدشات کو سنجیدگی سے لینے میں ناکام ہوا ہے۔' صدر جو بائیڈن کے قومی سلامتی کے نائب مشیر جان فائنر کے بیان کے بعد بی بی سی نے ماہرین سے بات کرکے یہ جاننے کی کوشش کی ہے کہ امریکہ کو یہ تشویش کیوں ہے کہ پاکستان ایسے میزائل تیار کر رہا ہے جو امریکہ میں اہداف کو نشانہ بنا سکیں گے؟ اس وقت اس تشویش کی وجہ کیا ہے اور کیا پاکستان واقعی ایسے میزائل بنا سکتا ہے جو امریکہ تک پہنچ جائیں؟ اس کے علاوہ اس مضمون میں ہم نے یہ بھی جاننے کی کوشش کی ہے کہ پاکستان کا وہ میزائل پروگرام جو حالیہ امریکی پابندیوں کا نشانہ بن رہا ہے، وہ کیا ہے؟ اس میں کون کون سے میزائل شامل ہیں اور امریکہ کو ان سے کیا خدشات ہیں؟ اس تحریر میں ہم نے یہ بھی سمجھنے کی کوشش کی ہے کہ امریکی پابندیاں پاکستان کے میزائل پروگرام کو کیسے متاثر کر سکتی ہیں۔ اسلام آباد میں مقیم دفاعی امور کے ماہر سید محمد علی کے مطابق پاکستان پر امریکی حکام کا حالیہ الزام تکنیکی حقائق کے خلاف ہے۔ ان کے مطابق پہلی وجہ تکنیکی ہے، دوسرا اسٹراٹیجک یا سٹریٹیجکل اور تیسری وجہ معاشی یا پولیٹیکل ہے۔

**تکنیکی طور پر ایسا کیوں ممکن نہیں ہے؟**

سید محمد علی کا دعویٰ ہے کہ 'پاکستان کے بیلسٹک میزائلوں میں جدت لانے کا مقصد انڈیا کے علاوہ کسی دور دراز کے ملک کو نشانہ بنانا نہیں بلکہ انڈیا کے تیزی سے ترقی پذیر میزائل ڈیفینس نظام کا سدباب کرنا یا ناکام بنانا ہے۔' اس کا مطلب یہ ہے کہ دشمن جتنا بھی جدید ڈیفینس سسٹم بنالے، آپ کا بیلیسٹک یا کروز میزائل اسے ناکام بنانے کی صلاحیت رکھتا ہو اور اس کا رینج سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ وہ اسرائیل کے پانچ تہوں پر مشتمل ڈیفینس سسٹم کی مثال دیتے ہیں جس میں ایرو اور آئرن ڈوم سے لے کر ڈیوڈز سلنگ، انٹرسپٹر اور اینٹی ایئر کرافٹ گنز بھی شامل ہیں 'اگر کوئی میزائل پانچ تہوں سے نکل کر اپنے ہدف کو نشانہ بنا کر اسے تباہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے تو اس کا ایم آئی آر ویز سے لیس ہونا ضروری ہوتا ہے جیسا کہ پاکستانی میزائل ابابیل ہے۔' سید محمد علی کے مطابق ایم آئی آر ویز کا مطلب ایک ایسا میزائل ہے جو بیک وقت کئی وار ہیڈز لیجا سکتا ہے جو آزادانہ طور پر پروگرامڈ ہوتے ہیں اور ان وار ہیڈز کی تعداد تین سے آٹھ اور اس سے زیادہ بھی ہوسکتی ہے اور روس کے کیس میں 12 تک بھی ہے۔ یہ میزائل آزادانہ طور پر اپنے اپنے ہدف کی جانب جاتے ہیں اور ہر ایک کا ہدف کی جانب سفر کا راستہ بھی مختلف ہوتا ہے۔ اس کا مقصد یہی ہوتا ہے کہ آپ ایک میزائل کے ذریعے سے جب اسے لانچ کرتے ہیں اور جب اس کی ری انٹری وہیکل دوبارہ فضا میں داخل ہوتی ہیں تو وہ (ری انٹری وہیکل) مختلف سمتوں میں پھیل کر اپنے اپنے ہدف کو نشانہ بناتی ہیں۔ وہ اس کی مثال فائٹر طیاروں کی فارمیشن سے دیتے ہیں جو ہدف پر پہنچنے سے پہلے، وہاں پہنچ کر، حملے کے دوران اور بعد میں مختلف ہوتی ہے۔۔ فائٹر طیارے کسی ٹارگٹ پر پہنچ کر سرفیس تو ائیر میزائل اور اینٹی ائیر کرافٹ گن سے بچنے کے لیے اس انداز میں ادھر ادھر پھیل جاتے ہیں کہ وہ سب دشمن کی فائرنگ کی زد میں آئے بغیر مختلف سمتوں سے ٹارگٹ کو نشانہ بنا سکیں۔ سید محمد علی کے مطابق امریکہ کے پاس ایسا میزائل Minuteman III ہے اور انڈیا نے حال ہی میں اس ٹیکنالوجی میں جدت لانی شروع کی ہے۔ سید محمد علی کا دعویٰ ہے کہ 'پاکستان اگر اسی کو بہتر بنا رہا ہے تو اس کا مقصد انڈیا کے علاوہ کسی اور ملک کو ہدف بنانا نہیں مگر انڈیا کے سسٹم میں آنے والی جدت (چاہے وہ ایس 400 کے حوالے سے یا کسی اور سے) کو ناکام بنا کر ان کی ٹارگٹ تک پہنچنے کی صلاحیتوں کا سدباب ہے۔' ان کا کہنا ہے کہ 'پاکستان کسی ایسی ٹیکنالوجی پر کام نہیں کر رہا جو پہلے سے انڈیا کے پاس نہیں ہے اور انڈیا نہ صرف آئی سی بی ایم (بین البراعظمی بیلسٹک میزائل) بنا رہا ہے بلکہ انھیں ٹیسٹ بھی کر چکا ہے جن کی رینج 5000 کلومیٹر سے زیادہ ہے جس کا مطلب ہے کہ ان کا ٹارگٹ پاکستان یا چین نہیں ہیں جبکہ دوسری جانب پاکستان نے اس رینج کے کسی میزائل کا آج تک تجربہ نہیں کیا۔' ان کا کہنا ہے کہ پاکستان پر یہ الزام تکنیکی حقائق کے خلاف ہے۔ اس حوالے سے آسٹریلیا کے شہر کینبرا کی نیشنل یونیورسٹی میں سٹریٹیجک اور ڈیفینس سٹڈیز کے استاد ڈاکٹر منصور احمد کہتے ہیں کہ 'جب تک ایک سسٹم (میزائل) ایک رینج پر ٹیسٹ نہیں ہو جاتا تب تک یہ نہیں کہا جاسکتا کہ اس ملک نے یہ صلاحیت حاصل کر لی ہے اور پاکستان نے اب تک ایسا کوئی میزائل ٹیسٹ نہیں کیا جس کی رینج انڈیا سے باہر ہو۔' سید محمد علی کا کہنا ہے کہ انڈیا ایس ایس بی این (نیوکلیئرڈ پاورڈ بیلسٹک میزائل سب میرین) یا بیلسٹک میزائل فائر کرنے کی صلاحیت رکھنے والی آبدوزیں بھی بنا رہا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ 'میزائلوں کی بحث میں زمین سے زمین پر مار کرنے والے میزائلوں کو تو بہت زیادہ اہمیت دی جاتی ہے مگر سمندر کی سطح کے نیچے یا جوہری آبدوزیں رکھنے والے صلاحیتوں کے حامل ممالک سے صرف نظر کیا جاتا ہے جن میں رینج کا چکر ہی نہیں ہوتا کیونکہ کسی بھی ملک کے قریب آبدوز لے جا کر وہاں سے یہ میزائل فائر کیے جا سکتے ہیں۔' اس کی مثال انڈیا کی 'اریہنت' اور 'اریگاتھ' ایٹمی آبدوزیں ہیں جو اب انڈیا کے بحریے بیڑے کا حصہ ہیں۔ یاد رہے امریکہ، برطانیہ، فرانس، روس اور چین کی پاس بھی ایٹمی اسلحے سے لیس آبدوزیں موجود ہیں یعنی یہ پانچ ممالک دنیا کے کسی بھی ملک پر جوہری حملہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ سید محمد علی کا کہنا ہے کہ دو ایٹمی آبدوزوں کو اپنے بحری بیڑے میں شامل کرنے کے بعد انڈیا نے بھی یہ صلاحیت حاصل کر لی ہے یعنی وہ ان ممالک کی صف میں شامل ہو گیا ہے جو امریکہ سمیت دنیا کے کسی بھی ملک پر ایٹمی حملہ کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ صرف زمین کی سطح سے زمین تک مار کرنے والے میزائلوں پر بحث انتہائی اہم تزویراتی حقائق سے پہلو تہی ہے۔ سید محمد علی کا ماننا ہے کہ 'پاکستان امریکہ کو نشانہ بنانے کا سوچے، معاشی اور سیاسی حوالے سے یہ ممکن نہیں کیونکہ پاکستان کی سب سے بڑی برآمدی مارکیٹ (تقریباً چھ ارب ڈالر) امریکہ ہے اور وہاں مقیم پاکستانیوں کی بہت بڑی تعداد ملک میں رقوم بھیجتے ہیں اس کے علاوہ پاکستان اپنے معاشی مسائل کے حل (آئی ایم ایف) کے لیے امریکہ کے ساتھ خیر سگالی کے تعلقات برقرار رکھنا اپنی خارجہ پالیسی کے ساتھ ساتھ قومی سلامتی کا اہم ہدف سمجھتا ہے۔'

**اب امریکی تشویش کی وجہ کیا ہے؟**

ڈاکٹر منصور احمد کا کہنا ہے کہ 'ایسا ممکن ہے کہ پاکستان (این ڈی سی) ابابیل میزائل سسٹم کا زیادہ جدت والا ورژن تیار کر رہا ہو جو کسی بھی انڈین بیلسٹک میزائل ڈیفنس شیلڈ کو شکست دے سکتا ہے اور ایک سے زیادہ وار ہیڈز کا بھاری پے لوڈ لے جا سکتا ہو۔' تاہم ان کا کہنا ہے کہ 'اس کے لیے زیادہ طاقتور راکٹوں کی ضرورت ہوگی اور امریکی حکام این ڈی سی پر اسی کی تیاری کا الزام لگا رہے ہیں لیکن یہ انڈیا کے لیے بنائے گئے مخصوص میزائل سسٹم کو آئی سی بی ایم (بین البراعظمی بیلسٹک میزائل) میں تبدیل نہیں کر سکتا اور اس کے لیے بالکل نیا میزائل سسٹم چاہیے ہوگا۔' ٹائمنگ کے حوالے سے سید محمد علی اور ڈاکٹر منصور دونوں ہی اس کا الزام بائیڈن انتظامیہ کو ٹھہراتے ہیں ان کا دعویٰ ہے کہ یہ انتظامیہ بہت زیادہ حد تک انڈیا کے زیرِ اثر ہے۔ سید محمد علی کہتے ہیں کہ یہ 'امریکہ کے پالیسی ساز حلقوں میں انڈیا کے بڑھتے اثر و رسوخ کا نتیجہ ہے اور پاکستانی کی دفاعی صلاحیتوں میں کمی لانے کے لیے انڈیا اب امریکہ کا کندھا اور دباؤ استعمال کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔' ان کا کہنا ہے کہ 'پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں پر تنقید اور شکوک و شبہات کا اظہار کرنا اس بات کا ثبوت ہے واشنگٹن میں انڈین لابی بائیڈن کے آخری دنوں میں ان کی کمزوری کا فائدہ اٹھانا چاہتی ہے۔' سید محمد علی کا ماننا ہے کہ مستقبل میں بھی ایسا ممکن نہیں ہے کہ پاکستان امریکہ پر حملہ کرنے کی صلاحیت حاصل کر لے 'کیونکہ پاکستان کا میزائل و ایٹامک پروگرام انڈیا کے لیے مخصوص ہے اور پاکستان کسی قسم کی ہتھیاروں کی دوڑ میں شامل نہیں ہے۔'

### 11/7 ممبئی لوکل ٹرین بم دھماکہ معاملہ

## بامبے ہائی کورٹ میں سینئر ایڈوکیٹ نتیا راما کرشنن نے ملزمین کے دفاع میں مدلل بحث کی

### جمعیۃ علماء مہاراشٹر (ارشد مدنی) نے ملزمین کے دفاع میں سینئر وکلاء کی خدمت حاصل کی



ممبئی 21/ دسمبر: بامبے ہائیکورٹ میں 11/7 ممبئی لوکل ٹرین بم دھماکہ مقدمہ کی سماعت گذشتہ کئی ماہ سے جاری ہے۔ ملزمین کو پھانسی کی سزا دیئے جانے والے فیصلے کی تصدیق کے لیئے ریاستی حکومت کی جانب سے داخل اپیل پر سینئر ایڈوکیٹ راجا ٹھاکرے کی بحث کے اختتام کے بعد ملزمین کے دفاع میں سینئر ایڈوکیٹ یوگ موہت چودھری نے بحث کا آغاز کیا تھا اور تقریباً ایک ماہ تک بحث کی لیکن اسی درمیان سینئر ایڈوکیٹ سپریم کورٹ آف انڈیا نتیا راما کرشنن نے ملزمین ڈاکٹر تنویر اور نوید حسین کے دفاع میں بحث کا آغاز کیا اور ایک ہفتہ تک بحث کی جس کے دوران عدالت کو بتایا کہ اے ٹی ایس نے ملزمین سے جبراً اقبالیہ بیان حاصل کیا ہے جس کی بنیاد پر ٹرائل کورٹ نے ملزمین کو پھانسی اور عمر قید کی سزا سنائی ہے جو غیر قانونی ہے۔ ملزمین کو قانونی امداد فراہم کرنے والی تنظیم جمعیۃ علماء مہاراشٹر (ارشد مدنی) قانونی امداد کمیٹی کی جانب سے سینئر ایڈوکیٹ نتیا راما کرشنن ہائی کورٹ میں بحث کر رہی ہیں جو خصوصی طور پر دہلی سے تشریف لائی ہیں۔ آج دوران بحث سینئر نتیا راما کرشنن نے ملزمین ڈاکٹر تنویر اور نوید حسین سے جبراً لیئے گئے اقبالیہ بیانات کی قانونی حیثیت پر مدلل بحث کی اور عدالت کو بتایا کہ ملزمین سے بالترتیب 74/ اور 25/ دنوں کے بعد لیا گیا جسے استغاثہ نے رضاکارانہ بتایا ہے حالانکہ سپریم کورٹ نے پولس کے سامنے دیئے گئے اقبالیہ بیان کی قانونی حیثیت مشکوک بتائی ہے۔ بامبے ہائی کورٹ دو رکنی خصوصی بینچ جسٹس اے ایس کلور اور جسٹس شیام سی چانڈک کو سینئر ایڈوکیٹ نتیا راما کرشنن نے مزید بتایا کہ ملزمین سے لیئے گئے جبراً اقبالیہ بیانات کو اگر ہٹا لیا جائے تو استغاثہ عدالت میں یہ ثابت کرنے میں ناکام ثابت ہوئی ہے کہ ملزمین مجرمانہ سازش کا حصہ تھے۔ ایڈوکیٹ نتیا راما کرشنن نے ڈاکٹر تنویر کے حوالے سے بتایا کہ استغاثہ نے جس وقت ڈاکٹر تنویر کے سازشی میٹنگ میں موجود ہونے کا دعوی کیا ہے اس وقت ڈاکٹر تنویر صابو صدیق اسپتال میں اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے تھے لیکن خصوصی مکوکا عدالت نے مشکوک اقبالیہ بیان کو بنیاد بناتے ہوئے ڈاکٹر تنویر کی بے گناہی کے تمام ثبوت کنارے کردیئے۔ ایڈوکیٹ نتیا راما کرشنن نے عدالت کو مزید بتایا کہ ملزمین کے خلاف گواہی دینے والے بیشتر پنچ گواہ اے ٹی ایس کے اسٹاک پنچ گواہ ہیں جن کی گواہی پر آنکھ بند کرکے بھروسہ نہیں کیا جاسکتا لیکن ٹرائل کورٹ نے ان کی گواہی کو باریک بینی سے جانچے بغیر انہیں مکمل سچ مان لیا۔ ایڈوکیٹ نتیا راما کرشنن نے عدالت کو مزید بتایا کہ تفتیشی افسران نے پولس تحویل میں ملزمین کو شدید زدوکوب کیا اور ان کی جعلی میڈیکل رپورٹ بنا کر عدالت میں پیش کی حالانکہ پولس تحویل سے ڈاکٹروں کے پاس ملزمین کو بلا وجہ تو نہیں لیکر جایا گیا ہوگا، پولس تحویل میں ملزمین کے غیر انسانی سلوک کیا گیا اور انہیں اقبالیہ بیان دینے کے لیئے مجبور کیا گیا۔ ایڈوکیٹ نتیا راما کرشنن نے ملزم نوید حسین کے تعلق سے عدالت کو بتایا کہ ملزم پر لوکل ٹرین میں بم نصب کرنے کا الزام ہے لیکن استغاثہ عدالت میں ایک بھی عینی گواہ پیش نہیں کرسکا، محض منحرف شدہ اقبالیہ بیان کی بنیاد پر نچلی عدالت نے اسے پھانسی کی سزا سنا دی جو غیر قانونی ہے۔ نتیا راما کرشنن نے مزید بتایا ملزم نوید حسین نے اقبالیہ بیان دینے کے لیئے کبھی حامی نہیں بھری لیکن اے ٹی ایس نے عدالت میں یہ بتایا کہ ملزم نے از خود اقبال جرم کیا ہے۔ اسی درمیان سینئر ایڈوکیٹ نتیا راما کرشنن کی ایک ہفتہ سے جاری بحث کا اختتام عمل میں آیا، بحث کے اختتام کے بعد بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ ملزمین نے نتیا راما کرشنن نے سے مخاطب ہوکر ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ وہ ہمارے مقدمہ میں بحث کرنے کے لیئے خصوصی طور پر دہلی سے تشریف لائیں جس کے لیئے تمام ملزمین ان کے مشکور و ممنون ہیں۔ کرسمس کی تعطیلات کے بعد سینئر ایڈوکیٹ یوگ موہیت چودھری ان کی بقیہ بحث کا آغاز کریں گے جمعیۃ علماء مہاراشٹر قانونی امداد کمیٹی نے ملزمین کے دفاع میں ملک کے نامور کریمنل وکلاء کی خدمات حاصل کی ہے جس میں سینئر ایڈوکیٹ ایس ناگا متھو (سبکدوش جسٹس مدراس ہائی کورٹ)، سینئر ایڈوکیٹ مرلی دھر (سبکدوش چیف جسٹس اڑیسہ ہائی کورٹ)، سینئر ایڈوکیٹ نتیا راما کرشنن (سپریم کورٹ آف انڈیا)، سینئر ایڈوکیٹ سدیپ پاسبولا (بامبے ہائی کورٹ) شامل ہیں، سینئر وکلاء کی معاونت کرنے کے لیئے ایڈوکیٹ عبدالوہاب خان، ایڈوکیٹ شریف، ایڈوکیٹ انصار تنبولی، ایڈوکیٹ گورو بھوانی، ایڈوکیٹ ادتیہ مہتا، ایڈوکیٹ شاہد ندیم و دیگر کو ذمہ داریاں سونپی گئی ہے جو آج دوران بحث عدالت میں موجود تھے۔ واضح رہے کہ خصوصی مکوکا عدالت کے جج وائی ڈی شندے نے ممبئی لوکل ٹرین بم دھماکہ کا فیصلہ سناتے ہوئے پانچ ملزمین احتشام قطب الدین صدیقی، کمال انصاری، فیصل عطاء الرحمن شیخ، آصف بشیر اور نوید حسین کو پھانسی اور 7/ ملزمین محمد علی شیخ، سہیل شیخ، ضمیر لطیف الرحمن، ڈاکٹر تنویر، مزمل عطاء الرحمن شیخ، ماجد شفیع، ساجد مرغوب انصاری کو عمر قید کی سزا سنائی تھی جبکہ ایک ملزم عبدالواحد دین محمد کو باعزت بری کر دیا تھا۔ بامبے ہائی کورٹ ایک جانب جہاں ریاستی حکومت کی جانب سے داخل کنفرمیشن اپیلوں پر سماعت کر رہی وہیں تمام ملزمین کی جانب سے نچلی عدالت کے فیصلہ کے خلاف داخل اپیلوں پر بھی سماعت کر رہی۔ پھانسی کی سزا پانے والے کمال انصاری کا کرونا کے دوران ناگپور سینٹرل جیل میں انتقال ہوگیا تھا۔

### یہ جنونِ سیاست ہے یا پیامِ محبت؟

# موہن بھاگوت کا بیان، الفاظ میں محبت یا سیاست کا رنگ



از: عبدالحلیم منصور



دل نہ اُمید تو نہیں، ناکام ہی تو ہے
لمبی ہے غم کی شام، مگر شام ہی تو ہے"

ہندوستان کی تاریخ گنگا جمنی تہذیب اور کثرت میں وحدت کی ایک لازوال مثال رہی ہے۔ لیکن وقت کے ساتھ ساتھ اس ملک کے سیاسی اور سماجی منظرنامے میں ایسی تبدیلیاں آئیں، جنہوں نے ان اصولوں کو چیلنج کیا۔ عبادت گاہوں پر جھگڑے، اقلیتوں کے خلاف بڑھتے ہوئے تشدد اور فرقہ وارانہ تنازعات نے ایک ایسا ماحول پیدا کر دیا ہے جس میں اعتماد اور یکجہتی کی فضا کمزور پڑ گئی ہے۔ ایسے وقت میں راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کے سربراہ موہن بھاگوت کا حالیہ بیان ایک نئی بحث کو جنم دیتا ہے۔ موہن بھاگوت نے اپنے بیان میں کہا: "ہمیں ہر مسجد کے نیچے شیو مندر تلاش کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے۔ عبادت گاہوں کے تنازعات کو بڑھاوا دینا ٹھیک نہیں۔" ان کے یہ الفاظ بظاہر بھائی چارے اور سماجی ہم آہنگی کا پیغام دیتے ہیں، لیکن ان کی حقیقت اور ممکنہ مقاصد پر غور کیے بغیر ان کے اثرات کو سمجھنا ممکن نہیں۔ کیا یہ بیان واقعی ایک خلوص بھرے ارادے کا مظہر ہے، یا پھر یہ آر ایس ایس اور بی جے پی کی شبیہ کو بہتر کرنے کی ایک حکمت عملی ہے؟ ویسے ہندوستان کی تاریخ مذہبی تنازعات کے حوالے سے تلخ حقائق پر مبنی ہے۔ 1947 کی تقسیم سے لے کر 1992 کی بابری مسجد کی شہادت اور اس کے بعد کے فرقہ وارانہ فسادات نے نہ صرف اقلیتوں کے دلوں میں خوف پیدا کیا بلکہ ملک کی سیکولر بنیادوں کو بھی جھنجھوڑا۔ بابری مسجد کے مسئلے کے بعد گیان واپی مسجد، متھرا کی کرشنا جنم بھومی، اجمیر شریف درگاہ اور دیگر عبادت گاہوں پر تنازعات نے اقلیتوں کے اندر عدم تحفظ کے جذبات کو مزید گہرا کر دیا۔ ایسے میں موہن بھاگوت کا بیان خاصا غیر متوقع معلوم ہوتا ہے، کیونکہ آر ایس ایس کا ماضی فرقہ وارانہ تنازعات کو ہوا دینے کے لیے مشہور رہا ہے۔ گاؤ رکھشا کے نام پر ہونے والی لنچنگ، "لو جہاد" اور "گھر واپسی" جیسے نعروں نے مسلمانوں اور دیگر اقلیتوں کو ہدف بنایا۔ ان تمام واقعات کے تناظر میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا بھاگوت کا بیان واقعی ایک مثبت تبدیلی کی طرف اشارہ کرتا ہے، یا یہ محض ایک وقتی سیاسی چال ہے؟ یہ بیان ایسے وقت میں آیا ہے جب ملک کے کئی حصوں میں انتخابات ہونے والے ہیں۔ بی جے پی کو اس وقت مختلف مسائل کا سامنا ہے، جن میں عوامی ناراضگی اور بین الاقوامی سطح پر مذہبی اقلیتوں کے خلاف ناانصافی کے الزامات شامل ہیں۔ اقوام متحدہ، یورپی یونین اور دیگر بین الاقوامی ادارے بارہا ہندوستان کی سیکولر شبیہ پر سوال اٹھا چکے ہیں۔ ایسے میں یہ بیان ان الزامات کو کم کرنے اور اقلیتوں کے درمیان اعتماد پیدا کرنے کی ایک کوشش بھی ہوسکتی ہے۔ آر ایس ایس کے بیانات اور عملی اقدامات کے درمیان تضادات کا ایک طویل سلسلہ موجود ہے۔ 2018 میں بھی موہن بھاگوت نے کہا تھا کہ "مسلمانوں کو ہندوستان میں کسی قسم کا خوف نہیں ہونا چاہیے، وہ یہاں محفوظ ہیں۔" لیکن ان کے اس بیان کے بعد بھی لنچنگ اور دیگر فرقہ وارانہ تنازعات جاری رہے۔ اگر بھاگوت کے موجودہ بیان کو سنجیدگی سے لیا جائے، تو آر ایس ایس کو نہ صرف اپنے کارکنوں کو قابو میں رکھنا ہوگا بلکہ عملی طور پر فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کے لیے ٹھوس اقدامات کرنے ہوں گے۔ مسلمانوں اور دیگر اقلیتوں کو اس بیان پر محتاط رویہ اختیار کرنا ہوگا۔ اگر یہ بیان صرف الفاظ تک محدود رہا، تو یہ مزید مایوسی کا باعث بنے گا۔ لیکن اگر اس کے نتیجے میں مثبت اقدامات کیے گئے، تو یہ ہندوستان کے سماجی تانے بانے کو مضبوط کرنے میں ایک اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔

یہ داغ داغ اجالا، یہ شب گزیدہ سحر
وہ انتظار تھا جس کا، یہ وہ سحر تو نہیں"

موہن بھاگوت کے اس بیان کو ہندوستان کے فرقہ وارانہ مسائل کے تناظر میں ایک سنگ میل کہا جاسکتا ہے۔ یہ یا تو ملک میں امن اور بھائی چارے کا نیا دور لے کر آئے گا، یا پھر محض ایک اور سیاسی حربہ بن کر رہ جائے گا۔ وقت ہی اس کے حقیقی ارادے اور اثرات کو واضح کرے گا۔ ہندوستان کی ترقی اور استحکام کا انحصار اس بات پر ہے کہ ہم ان تنازعات سے کس طرح نمٹتے ہیں اور اپنے قومی اتحاد کو کس حد تک محفوظ رکھتے ہیں۔


موبائل نمبر:9448381282
(مضمون نگار معروف صحافی وتجزیہ نگار ہیں)



## कार्यकारी अभियंता, उर्ध्वपेनगंगा प्रकल्प विभाग क्र. 4 आखाडा बाळापुर ता. कळमनुरी जि. हिंगोली

### खरेदीपुर्ण जाहिर नोटीस दिनांक 05/12/2024

किनवट तालुक्यातील तमाम लोकांना याव्दारे कळविण्यात येते की, कार्यकारी अभियंता, उर्ध्वपेनगंगा प्रकल्प विभाग क्र. 4 आखाडा बाळापुर ता. कळमनुरी जि. हिंगोली यांच्या कार्यक्षेत्रातील मौजे मारेगाव ता. किनवट जि.नांदेड या शिवारातील खालील अनुसूचिमध्ये दर्शविल्याप्रमाणे जमिन धारकांच्या जमीनी **पैनगंगा नदीवरील मारेगाव उच्च पातळी बंधाराच्या** कामाकरीता आवश्यक आहे. सदर जमिनी महाराष्ट्र शासन महसुल व वन विभाग शासन निर्णय क्र. संकिर्ण -03/2015/प्र.क्र.34/अ-2 दि. 12.05.2015 व दि.30.09.2015 व शासन महसूल व वन विभाग यांचेकडील परिपत्रक क्र.एलक्युएन-01/2017/प्र.क्र.12/अ-2 दिनांक 25 जानेवारी 2017 दिनांक 27.11.2017 मधिल खाजगी वाटाघाटीने थेट खरेदी पध्दतीने घेण्याबाबतच्या तरतुदीनुसार खाजगी खरेदी व्यवहाराने सार्वजनिक प्रयोजनासाठी खाजगी जमिन संपादन करण्याचे प्रस्तावित आहे.

खालील अनुसूचिमध्ये जमिन मालकाचे नांव, गट नं. व संपादन करण्याचे क्षेत्र प्रस्तावित आहे. संपादन क्षेत्र हे तपशिलवार संयुक्त मोजणी अहवालानुसार विचारात घेण्यात आलेले आहे. सदर जमीनीबाबत मालकाच्या हिश्यावर हक्क, हितसंबंध, दत्तक पत्र, वारसा हक्क, गहाण, दान, बोजा, बाकी, लिज, कर्ज, बक्षिसपत्र, जप्ती, मदार व इतर हक्क असल्यास जाहिरात प्रसिध्द झाल्यापासून 10 दिवसाच्या आत पुराव्यासह लेखी तक्रार कार्यालयीन वेळेत (सकाळी 9.45 ते सायंकाळी 6.15 वाजेपर्यंत) समक्ष अथवा रजिस्टर पोस्टाने इकडील कार्यालयास ( उपविभागीय अधिकारी, किनवट ता. किनवट जि. नांदेड ) यांना देण्यात यावी. मुदतीत कोणतीही हरकत न आल्यास सदरहु जमीन मालकांची मिळकत निर्वेध व निर्जखीम असल्याचे समजुन कार्यकारी अभियंता, उर्ध्वपेनगंगा प्रकल्प विभाग क्र. 4 आखाडा बाळापुर ता. कळमनुरी जि. हिंगोली हे पुढील खरेदीचा व्यवहार केव्हाही करतील, दिलेल्या मुदतीनंतर कोणाचीही हरकत असल्यास ती या कार्यालयास कायदेशिररित्या बंधनकारक राहणार नाही, याची सर्व लोकांनी नोंद घ्यावी.

करिता हे खरेदीपुर्व जाहीर नोटीस प्रसिध्द करीत आहोत.

स्वाक्षरी
कार्यकारी अभियंता,
उर्ध्वपेनगंगा प्रकल्प विभाग क्र. 4 आखाडा बाळापुर
ता. कळमनुरी जि. हिंगोली

स्वाक्षरी
सहायक जिल्हाधिकारी तथा
भूसंपादन अधिकारी किनवट

### अनुसूची

**पैनगंगा नदीवरील मारेगाव उच्च पातळी बंधाराच्या लागणारी खाजगी जमीन प्रस्तावित संपादन क्षेत्राचा तक्ता**

गावाचे नावः- मारेगाव　　तालुका- किनवट　　जिल्हा- नांदेड

| अ.क्र. | संयुक्त मोजणी प्रमाणे कब्जेदाराचे नांव | सर्वे नं./ गट क्र. | भूधारणा पध्दती | संयुक्त मोजणीनुसार संपादीत होणारे क्षेत्र (हे.आर.चौ.मी.) |
|---|---|---|---|---|
| 1 | सुमन सुधाकरराव पत्की | 27 पै. | जिरायत | 0.45.43 |
| 2 | महेश सुधाकरराव पत्की | 27 पै. | जिरायत | 1.11.16 |
| 3 | अजय नारायण पवार | 28 पै. | जिरायत | 0.77.70 |
| 4 | राम दौलतराव | 28 पै. | जिरायत | 0.62.19 |
| 5 | बालाजी मनोहरराव पत्की | 29 पै. | जिरायत | 0.47.75 |
| 6 | मनोहरराव लक्ष्मण पत्की | 29 पै. | जिरायत | 0.63.65 |
| 7 | दिलीप मनोहरराव पत्की, शाम मनोहरराव पत्की | 29 पै. | जिरायत | 0.61.71 |
| | एकुण | | | 4.69.59 |

स्वाक्षरी
कार्यकारी अभियंता,
उर्ध्वपेनगंगा प्रकल्प विभाग क्र. 4 आखाडा बाळापुर
ता. कळमनुरी जि. हिंगोली

स्वाक्षरी
सहायक जिल्हाधिकारी तथा
भूसंपादन अधिकारी किनवट

जिमाका/नां/जाहिरात/१३५/२०२४/२०२५

